# چیئرمین جائزہ رپورٹ

میری جانب سے انتہائی مسرت کے ساتھ سنگر شوگر ملز لمیٹڈ کمپنی کی رپورٹ ہذا کو حصص داران کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے، نیز میں انتہائی مسرت کے ساتھ 30 ستمبر 2020 کو ختم ہونے والے مالی سال کی بابت کمپنی سے متعلق مالیاتی دستاویزات و دیگر معلومات بھی آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ بورڈ کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ اور کمپنی کے اہداف، کارپوریٹ مقاصد کے حصول اور منصوبہ بندی پر مبنی حکمت عملی کی کامیابی کے سلسلے میں بورڈ کی جانب سے ادا کیے جانے والے موثر کردار کا جائزہ بھی رپورٹ ہذا میں پیش کیا جا رہا ہے جو کہ کمپنی کے ویژن اور مشن کے عین مطابق ہے۔

مالی سال 20-2019 کا دورانیہ COVID-19 اور ملک کی معاشی صورتحال کی وجہ سے انتہائی مشکل رہا, مقامی اور بین الاقوامی سطح پر کاروباری حالات پیچیدہ مسائل کا شکار رہے جس کی وجہ COVID-19 کے منفی اثرات تھے ,ان منفی اثرات کہ باعث ایک جانب قیمتی جانوں کو بہت خطرات لاحق رہے اور بہت سے لوگ اپنی قیمتی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے تو دوسری جانب ملازمتوں کا فقدان پیدا ہوا اور سب سے بڑھ کر کاروبار کو جاری رکھنا انتہائی مشکل ہو گیا۔ آپ کی کمپنی ایک ایسے شعبے سے تعلق رکھتے ہیں جس میں پیداواری اعمل ایک خاص سیزن تک محدود ہوتا ہے لہذا COVID-19 کی وجہ سے لگائے جانے والے لاک ڈاؤن اور لاک ڈاؤن کے بعد پیدا ہونے والے حالات کے اثرات سے کمپنی کے افعال متاثر نہ ہوئے۔ بورڈ کی جانب سے اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے اعلان کردہ مختلف رعایتی اسکیموں سے فائدہ اٹھایا جائے تا کہ ورکنگ کیپٹل کی بچت کو ممکن بنایا جا سکے۔

ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کمپنی کی گورننس کے بنیادی نظام میں مسلسل بہتری لائی جائے۔ اس مقصد کے لیے بورڈ کی کارکردگی کو جانچنے کی غرض سے ایک باقاعدہ اور مؤثر نہیں نظام وضع کیا گیا ہے۔ لہذا کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کے قوانین کے تحت کمپنی کے بورڈ کی سالانہ کارکردگی کا جائزہ مکمل کیا جا چکا ہے جس کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا تھا کہ بورڈ کی مجموعی کارکردگی کمپنی کی جانب سے اپنے مقاصد کے تناظر میں متعین کیے جانے والے معیارات کے مطابق ہے۔

بورڈ کی جانب سے ڈائریکٹروں کے لیے ایک تعارفی نشست کا اہتمام کیا گیا جس میں انہیں قواعد بنانے والے مجاز اداروں کی جانب سے بنائے جانے والے قواعد و قوانین سے روشناس کروایا جا سکے تا کہ وہ حصص داران کیلئے اور ان کی جانب سے کمپنی کے معاملات کو موثر انداز سے چلانے کے قابل ہو سکیں۔

بورڈ کی جانب سے کمپنیز ایکٹ 2017 اور کمپنی پر اطلاق ہونے والے کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کے قواعد کے مطابق اپنے فرائض منصبی کو تندہی سے ادا کیا گیا، فرائض منصبی میں اہم پالیسیوں کی منظوری حاصل کرنا، اندرونی کنٹرول کا ایک مؤثر نظام وضع کرنا، بجٹ اور مالیاتی نتائج کی منظوری حاصل کرنا اور اس کے ساتھ ساتھ سرمایہ کاری سے متعلق اہم امور کی منظوری حاصل کرنا شامل ہیں۔ آڈٹ کمیٹی اور انسانی وسائل و ادائیگیوں کی کمیٹی کی سربراہی غیر جانب دار ڈائریکٹر کی جانب سے کی گئی، جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ کمپنی گورننس کے اعلی معیار کی پاسداری اور شفافیت کیلئے پرعزم ہے۔ آڈٹ کمیٹی کی جانب سے مالیاتی معاملات کی رپورٹنگ کی نگرانی کی جاتی رہی ہے تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ تمام شراکت داروں تک صحیح اور بروقت معلومات پہنچائی جا سکیں۔

بورڈ کی جانب سے اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کے بورڈ کے اجلاسوں دوران ایجنڈے پر موجود معاملات کو زیر بحث لانے کے لئے خاطر خواہ وقت فراہم کیا جائے۔ تمام تحریری نوٹس بشمول ایجنڈا دیگر ضروری دستاویزات اور اجلاسوں سے متعلق ورکنگ پیپرز کو اجلاسوں سے کافی پہلے شرکاء تک پہنچا دیا جاتا ہے۔ مزید برآں، بطور نمائندہ بورڈ کی بنیادی ذمہ داریوں میں یہ بات شامل ہے کہ کمپنی کے معاملات میں مناسب ہدایات فراہم کریں اور کمپنی کی سرگرمیوں پر مکمل کنٹرول رکھیں۔ ان ذمہ داریوں میں بطور نگران کمپنی کو لاحق خطرات کی نشاندہی کرنا اور انہیں کنٹرول کرنا، مینجمنٹ انفارمیشن انفارمیشن سسٹم کو مربوط بنانا اور حصص داران کے لیے کی جانے والے رپورٹنگ کو شفاف بنانا بھی شامل ہیں۔

کمپنی حالیہ کاروباری مسائل سے نمٹنے اور مستقبل میں مستقل بنیادوں پر کارکردگی کو یقینی بنانے کے لئے اپنے فرائض منصبی ادا کرنے میں مصروف ہے، بورڈ پوری طرح مستعد ہے اور متحرک انداز سے انتظامیہ کی رہنمائی کر رہا ہے۔ میں پر اعتماد ہوں کہ کمپنی کے آپریشنز، تمویلی بندوبست اور کمپنی کی نشونما کے سلسلے میں کمپنی کی انتظامیہ کامیابی کے ساتھ مطلوبہ تبدیلیاں لانے کی مکمل اہلیت رکھتی ہے۔

مستقبل پر نظر رکھتے ہوئے، کمپنی اپنی مسابقتی پوزیشن کو مزید تقویت بخشنے کے لیے پر عزم ہے اور اس مقصد کے لیے کمپنی اپنی پیداواری صلاحیتوں میں اضافہ کرنے اور اپنی مہارتوں کو مزید نکھارنے کیلئے تحقیق اور ترقی کو فروغ دے رہی ہے۔ بورڈ اور انتظامیہ کی توجہ اس جانب مرکوز ہے کہ تمام شراکت داروں کے لئے ان کی سرمایہ کاری کی قدر میں مستقل بنیادوں پر اضافہ کیا جائے اور اس مقصد کے لیے کمپنی کے آپریشنز کو مزید موثر بنایا جائے، کاروباری لاگت کو کنٹرول کیا جائے، مصنوعات کے امتزاج کو بہتر بنایا جائے اور صارفین کے ساتھ ایک مستقل تعلق کو فروغ دیا جائے۔

میں اپنی جانب سے اس بات کو ریکارڈ کا حصہ بنانا چاہتا ہوں کہ تمام اعلی افسران، دیگر افسران اور ملازمین کی جانب سے کمپنی کے معاملات کو خوش اسلوبی کے ساتھ چلانے کیلئے جس اخلاص، ایمانداری اور محنت شاقہ کا مظاہرہ کیا گیا ہے وہ قابل ستائش ہے اور امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی اللہ رب العزت کی رحمت کے سائے تلے تمام افراد کمپنی کی پیداواری صلاحیت میں اضافے کیلئے اسی جوش و جذبے کا مظاہرہ کرتے رہیں گے۔ اس کے علاوہ اس موقع پر میں تمام سرکاری عمال، بینکاروں اور غیر بینکاری مالیاتی اداروں، ترسیل کاروں اور حصص داران کا بھی تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ کمپنی کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ان کی حمایت اور تعاون ہمیشہ ہمارے شامل حال رہے۔

کراچی: 2 جنوری 2021

غلام دستگیر راجڑ
چیئرمین